42513 ـ كافر ممالك سے ٹيلى فون كالوں كى چورى

سوال

ميں ايك ايسى چيز كے متعلق دريافت كرنا چاہتا ہوں جو اس ملك ميں عام ہو چكى ہے، اور لوگ اس كے متعلق حلال اور حرام كے فتوى دے رہے ہيں، وہ چورى ٹيلى فون كاليں ہيں، اس ملك ميں عرب ممالك كے طلباء كا تناسب زيادہ ہے اور ہر طالب علم كے ليے اپنے ملك ٹيلى فون كرنا ضرورى ہے، ٹيلى فون كالوں كى مہنگائى كو مد نظر ركھتے ہوئے سب طلباء ايسى جگہ جانا شروع ہو گئے ہيں جہاں عام ريٹ سے بہت كم قيمت پر كاليں كروائى جاتى ہيں، اس كى وجہ يہ ہے كہ يہ ٹيلى فون يا تو اس ملك كے باشندوں كے ٹيلى فونوں سے منسلك ہيں يا پھر سركارى ٹيلى فون كے ساتھ.
بہت سے طلباء تو يہ دليل ديتے ہيں كہ حكومت غير مسلم اور اسلام اور مسلمانوں كى دشمن ہے، اور ہمارا حق ہے بلكہ ہم پر ان كى اقتصاديات تباہ كرنا واجب ہے، اور ان طلباء نے اس معاملے كو اس صورت ميں حلال قرار ديا ہے كہ جب يہ ٹيلى فون حكومت كے تابع ہوں ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

آپ كے ليے اس حكومت كے مال پر زيادتى اور ظلم كرنا حلال نہيں اگرچہ وہ كافر حكومت ہى كيوں نہ ہو، كيونكہ اس حكومت نے آپ كو پناہ دے ركھى ہے، اور اس امن كے ساتھ اپنے ملك ميں داخل ہونے كى اجازت دى ہے، اور تم اس حكومت كے ساتھ اس كے امن امان كى حفاظت اور گڑ بڑ نہ كرنے كا معاہدہ كر چكے ہو.

صرف آپ كا اس ملك ميں داخل ہونا ہى اس كے ساتھ معاہدہ ہے وگرنہ وہ تمہيں اپنے ملك ميں داخل ہونے كى اجازت نہ ديتے، اور پھر مسلمان شخص وعدہ خلافى نہيں كرتا بلكہ معاہدہ كى پاسدارى كرتا ہے، اور نہ ہى اس كى خيانت كرتا ہے.

اللہ سبحانہ وتعالى كا فرمان ہے:

اور تم معاہدہ كى پاسدارى كرو بلاشبہ معاہدہ كى باز پرس ہونے والى ہے الاسراء (34)

اور ايك دوسرے مقام پر كچھ اس طرح فرمايا:

اے ايمان والو! اپنے معاہدوں كو پورا كرو المائدۃ (1).

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

" منافق کی تین علامتیں ہیں: جب بات چیت کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے، اور جب وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے، اور جب اس کے پاس امانت رکھی جائے تو اس میں خیانت کرتا ہے "

یہ حدیث بخاری اور مسلم کی ہے اور اس کے راوی ابو ھریرہ رضی اللہ تعالی عنہ ہیں، مسلم شریف کی روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں:

" اگرچہ وہ نماز ادا کرے اور روزہ بھی رکھے اور اس مسلمان ہونے کا بھی گمان کرے"

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل اور ان کے صحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے.